Phone call between Prime Minister ShriNarendraModi and H.E. Dr. John PombeJoseph Magufuli, President of the United Republic of Tanzania

June 12, 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور متحدہ جمہوریہ تنزانیہ کے صدر عالی جناب ڈاکٹر جان پومبی جوزف میگوفولی کے مابین فون پر بات چیت

12 جون، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج متحدہ جمہوریہ تنزانیہ کے صدر عالی جناب ڈاکٹر جان پومبی جوزف میگوفولی کے ساتھ فون پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم نے جولائی 2016 میں دارالسلام کے اپنے دورہ کو گرم جوشی سے یاد کیا، اور اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان تنزانیہ کے ساتھ اپنے روایتی دوستانہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے تنزانیہ کی حکومت اور عوام کی امنگوں اور ضروریات کے مطابق تنزانیہ کی ترقیاتی سفر میں بھارت کے شراکت دار ہونے کے عزم کا اعادہ کیا۔

وزیر اعظم نے کووڈ 19 کے پاداش میں تنزانیہ سے ہندوستانی شہریوں کے انخلا کے لئے تنزانیہ کے حکام کی طرف سے فراہم کردہ امداد پر صدر ڈاکٹر میگوفولی کا شکریہ ادا کیا۔

رہنماؤں نے مجموعی طور پر دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہندوستان اور تنزانیہ کے درمیان بڑھتی ہوئی ترقیاتی شراکت داری، تعلیمی روابط، اور تجارت اور سرمایہ کاری کے بہاؤ پر اطمینان کا اظہار کیا، اور ان رجحانات کو مزید تیز کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعظم نے اس سال کے آخر میں تنزانیہ میں آئندہ ہونے والے صدارتی اور پارلیمانی انتخابات کے لئے عالی جناب صدر میگوفولی اور تنزانیہ کے عوام کے تئیں اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

نئی دہلی

12 جون، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.